پوچھ مت بیماریِ غم کی فراغت کا بیاں
جو کہ کھایا خونِ دل بے منتِ کیموس تھا

کل اسد کو ہم نے دیکھا گوشۂ غم خانہ میں
دست بر سر ، سربہ زانوی دلِ مایوس تھا

●

## ردیف ب

بس کہ ہے میخانہ ویراں جوں بیابانِ خراب
عکسِ چشمِ آہوے رمخوردہ ہے داغِ شراب

تیرگیِ ظاہری ہے طبعِ موزوں کا نشاں
غافلاں عکسِ سوادِ صفحہ ہے گردِ کتاب

یک نگاہِ صاف صد آئینۂ تاثیر ہے
ہے رگِ یاقوت عکسِ خطِ جامِ آفتاب

ہے عرق افشاں مشی سے ادہمِ مشکینِ یار
وقتِ شب اختر کنی ہے چشمِ بیدارِ رکاب

ہے شفق سوز جگر کی آگ کی بالیدگی
ہر یک اختر سے[1] فلک پر قطرۂ اشکِ کباب

بسکہ شرمِ عارضِ رنگیں سے حیرت جلوہ ہے
ہے شکستِ رنگِ گل آئینہ پردازِ نقاب

---

۱- عرشی : ''ہے'' -



شب کہ تھا نظارگی روئے بتاں کا اے اسد
گر گیا بامِ فلک سے صبح طشتِ ماہتاب

●

[1]ہے بہاراں میں خزاں پرور خیالِ عندلیب
رنگِ گل آتش کدہ ہے زیرِ بالِ عندلیب

---

۱- اس غزل کے حاشیے پر بارہ شعر کی حسب ذیل غزل موٹے قلم سے شکستہ خط میں لکھی ہے - واضح رہے کہ دسویں شعر کے پہلے مصرع میں ''ایک عالم میں ہے طوفانئ کیفیتِ فصل'' قلمی نسخے کی عبارت کے مطابق ہے - مفتی انوار الحق کے مطبوعہ نسخے میں یہ مصرع ''ایک عالم پہ ہے . . .'' ہو گیا ہے :

پھر ہؤا وقت کہ ہو بال کشا موج شراب
دے بطِ مے کو دل و دستِ شنا موج شراب

پوچھ مت وجہِ سیہ مستئ اربابِ چمن
سایۂ تاک میں ہوتی ہے ہوا موجِ شراب

جو ہوا غرقۂ مے بختِ رسا رکھتا ہے
سر سے گزرے پہ بھی ہے بالِ ہما موجِ شراب

ہے یہ برسات وہ موسم کہ عجب کیا ہے اگر
موجِ ہستی کو کرے فیضِ ہوا موجِ شراب

چار موج اٹھتی ہے طوفان طرب سے ہر سو
موجِ گل ، موجِ شفق ، موجِ صبا ، موجِ شراب

جس قدر روح بناتی ہے جگر تشنۂ ناز
دے ہے تسکیں ، بدمِ آبِ بقا ، موجِ شراب

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

عشق کو ہر رنگ شانِ حسن ہے مدِّ نظر
مصرعِ سروِ چمن ہے حسبِ حالِ عندلیب

حیرتِ حسنِ چمن پیرا سے تیرے رنگِ گل
بسمل آہنگ[1] پریدن ہے بہ بالِ عندلیب

عمر میری ہو گئی صرفِ بہارِ حسنِ یار
گردشِ رنگِ چمن ہے ماہ و سالِ عندلیب

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

بسکہ دوڑے ہے رگِ تاک میں خوں ہو ہو کر
شہپرِ رنگ سے ہے بال کشا موجِ شراب

موجۂ گل سے چراغاں ہے گزرگاہِ خیال
ہے تصور میں زبس جلوہ نما موجِ شراب

نشّے کے پردے میں ہے محوِ تماشاے دماغ
بسکہ رکھتی ہے سرِ نشو و نما موجِ شراب

ایک عالم میں ہے طوفانیِ کیفیت فصل
موجۂ سبزۂ نوخیز سے تا موجِ شراب

شرحِ ہنگامۂ ہستی ہے زہے موسمِ گل
ہے تصور میں زبس جلوہ نما موجِ شراب

ہوش اُڑتے ہیں مرے جلوۂ گل دیکھ اسد
پھر ہوا وقت کہ ہو بال کشا موجِ شراب

۱۔ اس مصرع میں لفظ ''آہنگ'' کاٹ کر لفظ ''ذوق'' لکھا گیا ہے ۔ مصرع کی صورت اصلاح کے بعد یہ ہے :

بسملِ ذوقِ پریدن ہے بہ بالِ عندلیب



منع مت کر حسن کی ہم کو پرستش سے کہ ہے
بادۂ نظارۂ گلشن حلالِ عندلب

ہے مگر موقوف بر وقتِ دگر کارِ **اسد**
اے شبِ پروانہ و [1]صبحِ وصالِ عندلیب

## ردیف ت

[2]جاتا ہوں جدھر سب کی اُٹھی ہے اُدھر انگشت
یکدست جہاں مجھ سے پھرا ہے مگر انگشت

---

۱۔ اس لفظ کو بدل کر موٹے قلم سے شکستہ خط میں ''روز'' لکھا ہے ۔ (اے شبِ پرانہ و روزِ وصالِ عندلیب) ۔

۲۔ اس غزل کے حاشیے پر حسبِ ذیل پانچ شعر بہ ترتیبِ ذیل درج ہیں (موٹا قلم ، شکستہ خط) :

کافی ہے نشانی تری چھلّے کا نہ دینا
خالی مجھے دکھلا کے بہ وقت سفر انگشت

خوں دل میں جو میرے نہیں باقی تو عجب کیا
جوں ماہیِ بے آب تڑپتی ہے ہر انگشت

شوخی تری کہہ دیتی ہے احوال ہمارا
رازِ دلِ صد پارہ کی ہے پردہ در انگشت

کس رتبے میں باریکی و نرمی ہے کہ جوں گل
آتی نہیں پنجے میں بس اس کے نظر انگشت

افسوس کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے
جن لوگوں کے تھے درخورِ عقدِ گہر انگشت

مژگاں کی محبت میں جو انگشت نما ہوں
لگتی ہے مجھے تیر کے مانند ہر انگشت
ہر غنچۂ گل صورتِ یک قطرۂ خوں ہے
[1]خوباں کا جو دیکھا ہے حنا بستہ سر انگشت
گرمی ہے زباں کی سببِ سوختنِ جاں
ہے شمعِ شہادت کے لیے سر بسر انگشت
لکھتا ہوں اسد سوزشِ دل سے سخنِ گرم
تا رکھ نہ سکے کوئی مرے حرف پر انگشت

●

[2]نیم رنگی جلوہ ہے بزمِ تجلی زارِ دوست
دودِ شمعِ کشتہ تھا شاید خطِ رخسارِ دوست

---

۱- یہ مصرع یوں بدلا گیا ہے (موٹا قلم ، بد خط تحریر) :
دیکھا ہے کسی کا جو حنا بستہ سر انگشت

۲- اس غزل کے حاشیے پر موٹے قلم سے بد خط شکستہ تحریر میں حسبِ ذیل غزل درج ہے :
رہا گر کوئی تا قیامت سلامت
پھر اک روز مرنا ہے حضرت سلامت
جگر کو مرے عشقِ خونابہ مشرب
لکھے ہے خداوندِ نعمت سلامت
دو عالم کی ہستی پہ خطِ وفا کھینچ
دل و دستِ اربابِ ہمت سلامت
(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)



چشم بندِ خلق جز تمثالِ خود بینی نہیں
آئنہ ہے قالبِ خشتِ در و دیوارِ دوست
برقِ خرمن زارِ گوہر ہے نگاہِ تیز یاں
اشک ہوجاتے ہیں خشک از گرمیِ رفتارِ دوست
ہے سوا نیزے پہ اس کے قامتِ نوخیز سے
آفتابِ صبحِ محشر ہے گلِ دستارِ دوست
اے عدوے مصلحت چندے بہ ضبط افسردہ رہ
کردنی ہے جمع تابِ شوخیِ دیدارِ دوست

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)
علی الرغم دشمن شہیدِ وفا ہوں
مبارک مبارک سلامت سلامت
نہیں گر بہ کامِ دلِ خستہ گردوں
جگر خواہیِ جوشِ حسرت سلامت
نہیں گر سر و برگِ سودائے معنی
تماشائے نیرنگِ صورت سلامت
نہ اوروں کی سنتا ، نہ کہتا ہوں اپنی
[1]سرِ خستہ دشوار وحشت سلامت
وفورِ بلا ہے ہجومِ وفا ہے
سلامت ملامت ، ملامت سلامت
نہ فکر سلامت ، نہ بیم سلامت
ز خود رفتگی ہائے حیرت سلامت
رہے غالبِ خستہ مغلوبِ گردوں
یہ کیا بے نیازی ہے حضرت سلامت

---

۱- عرشی : "سر خستہ و شورِ وحشت . . . "۔

لغزشِ مستانہ و جوشِ تماشا ہے **اسد**
آتشِ مے سے بہارِ گرمیِ بازارِ دوست

●

## ردیف ث

دودِ شمعِ کشتۂ گل بزم سامانی عبث
یک شبہ آشفتہ نازِ سنبلستانی عبث

ہے ہوس محمل بہ دوشِ شوخیِ ساقِ مست
نشۂ مے کے تصور میں نگہبانی عبث

باز ماندنہائے مژگاں ہے یک آغوشِ وداع
عید در حیرت سوادِ چشمِ قربانی عبث

جز غبارِ کردہ سیرآہنگیِ پرواز کُو ؟
بلبلِ تصویر و دعوائے پرافشانی عبث

سر نوشتِ خلق ہے طغرائے عجزِ اختیار
آرزوہا خارِ خارِ چینِ پیشانی عبث

جب کہ نقشِ مدعا ہووے نہ جز موجِ سراب
وادیِ حسرت میں پھر آشفتہ جولانی عبث

دست برہم سودہ ہے مژگانِ خوابیدہ **اسد**
اے دل از کف دادۂ غفلت ! پیشانی عبث



●

[1]نازِ لطفِ عشق با وصفِ توانائی عبث
رنگ ہے سنگِ محک دعوائے مینائی عبث

ناخنِ دخلِ عزیزاں یک قلم ہے نقب زن
پاسبانیِ طلسمِ [2]کنجِ تنہائی عبث

محملِ پیمانۂ فرصت ہے بر دوشِ حباب
دعویٔ دریا کشی و نشہ پیمائی عبث

[3]طبعِ نالاں حاملِ صد غلبۂ تاثیر ہے
دل کو اے عاشق کشاں تعلیمِ خارائی عبث

یک نگاہِ گرم ہے جوں شمع سر تا پا گداز
بہر از خود رفتگاں رنجِ خود آرائی عبث

اے **اسد** ! بے جا ہے نازِ سجدۂ عرضِ نیاز
عالمِ تسلیم میں یہ دعویٰ آرائی عبث

---

۱- اس غزل کے حاشیے پر اس شعر کا اضافہ کیا ہے (موٹا قلم ، شکستہ) :
قیس بھاگا شہر سے شرمندہ ہو کر سوے دشت
بن گیا تقلید سے میری یہ سودائی عبث
۲- عرشی : ’’گنج‘‘
۳- حاشیے پر یہ شعر موٹے قلم سے شکستہ خط میں یوں بدلا ہے :
طبعِ عاشق حاملِ صد غلبۂ تاثیر ہے
دل کو اے بیداد خو تعلیمِ خارائی عبث

●

## ردیف ج

[1]گلشن میں بندوبست بہ ضبطِ دگر ہے آج
قمری کا طوق حلقۂ بیرونِ در ہے آج

معزولیِ تپش ہوئی افراطِ انتظار
چشمِ کشادہ حلقۂ بیرونِ در ہے آج

حیرت فروش صد نگرانی ہے اضطرار
ہر رشتہ چاکِ جیب کا تارِ نظر ہے آج

اے عافیت کنارہ کر، اے انتظام چل
سیلابِ گریہ دشمنِ دیوار و در ہے آج

ہوں داغِ نیم رنگیِ شامِ وصالِ یار
نورِ چراغِ بزم سے جوشِ سحر ہے آج

[2]بیتابی نے کیا سفرِ سوختن تمام
پیراہنِ خسک میں غبارِ شرر ہے آج

تا صبح ہے بہ منزلِ مقصد رسیدنی
دودِ چراغِ خانہ غبارِ سفر ہے آج

---

۱- اس غزل کے حاشیے پر یہ شعر تحریر ہے - (موٹا قلم ، شکستہ خط) :
آتا ہے ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ
تارِ نفس کمندِ شکارِ اثر ہے آج
۲- اسے بدل کر یوں لکھا ہے (موٹا قلم ، شکستہ خط) : ''کرتی ہے عاجزی . . .''



دور اوفتادۂ چمنِ فکر ہے اسد
مرغِ خیال بلبلِ بے بال و پر ہے آج

●

جنبشِ گلبرگ سے ہے گل کے لب کو اختلاج
حبِ شبنم سے صبا ہر صبح کرتی ہے علاج

شاخِ گل جنبش میں ہے گہوارہ آسا ہر نفس
طفلِ شوخِ غنچۂ گل بسکہ ہے وحشت مزاج

سیرِ ملکِ حسن کر، میخانہا نذرِ خمار
چشمِ مستِ یار سے ہے گردنِ مینا پہ باج

گریہ ہائے بیدلاں گنجِ شرر در آستیں
قہرمانِ عشق میں حسرت سے لیتے ہیں خراج

ہے سوادِ چشمِ قربانی میں یک عالم مقیم
حسرتِ فرصت نے بخشا بسکہ حیرت کو رواج

اے اسد ہے مستعدِ شانہ گشتن[1] بہرِ زلف
پنجۂ مژگاں بخود بالیدنی رکھتا ہے آج

---

۱- اس مقطع کے دو لفظوں ''شانہ گشتن'' کے نیچے موٹے قلم سے شکستہ خط میں دو لفظ ''گیسو شدن'' لکھے ہیں - اگر یہ تحریر غالب کی ہے تو یوں معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے اس مصرع کو بدلنے کا خیال کیا اور پھر ترک کر دیا ، بصورت دیگر نقل کرنے والے نے ترمیم کی صحیح نقل نہیں کی -

●

## ردیف چ

بے دل نہ نازِ وحشتِ جیبِ دریدہ کھینچ
جوں بوے غنچہ یک نفسِ آرمیدہ کھینچ

یک مشتِ خوں ہے پرتوِ خور سے تمام دشت
دردِ طلب بہ آبلۂ نادمیدہ کھینچ

پیچیدگی ہے حاملِ طومارِ انتظار
پائے نظر بہ دامنِ شوقِ دویدہ کھینچ

برقِ بہار سے ہوں میں پا در حنا ہنوز
اے خارِ دشت ! دامنِ شوقِ رمیدہ کھینچ

بیخود بہ لطفِ چشمکِ عبرت ہے چشمِ صید
یک داغِ حسرتِ نفسِ ناکشیدہ کھینچ

بزمِ نظر ہیں بیضۂ طاؤس خلوتاں
فرشِ طرب بہ گلشنِ نا آفریدہ کھینچ

دریا بساطِ دعوتِ سیلاب ہے اسد
ساغر بہ بارگاہِ دماغِ رسیدہ کھینچ

●

قطعِ سفرِ ہستی و آرامِ فنا ہیچ
رفتار نہیں بیشتر از لغزشِ پا ہیچ

حیرت ہمہ اسرار پہ مجبورِ خموشی
ہستی نہیں جز بستنِ پیمانِ وفا ہیچ



تمثال گداز آئنہ ہے عبرتِ بینش
نظارہ تحیر چمنستانِ بقا ہیچ

گلزارِ دمیدن ، شررستانِ رمیدن
فرصت تپش و حوصلۂ نشو و نما ہیچ

آہنگِ عدم نالہ بہ کہسار گرو ہے
ہستی میں نہیں شوخیِ ایجادِ صدا ہیچ

کس بات پہ مغرور ہے اے عجزِ تمنا
سامانِ دعا وحشت و تاثیرِ دعا ہیچ

آہنگِ اسد میں نہیں جز نغمۂ بیدل
عالم ہمہ افسانۂ ما دارد و ما ہیچ

●

نفس نہ انجمنِ آرزو سے باہر کھینچ
اگر شراب نہیں ، انتظارِ ساغر کھینچ

کمالِ گرمیِ سعیِ تلاشِ جلوہ[1] نہ پوچھ
برنگِ خار مرے آئنے سے جوہر کھینچ

نہ کہہ کہ طاقتِ رسوائیِ وصال نہیں
اگر یہی عرقِ فتنہ ہے مکرّر کھینچ

---

۱- متداول دیوان میں اس لفظ کے بجائے ”دید“ ہے مگر قلمی دیوان میں ”جلوہ“ ہی ہے -

تجھے بہانۂ راحت ہے انتظار اے دل
کیا ہے کس نے اشارہ کہ نازِ بسترکھینچ

جنونِ آئنہ مشتاقِ یک تماشا ہے
ہمارے صفحے پہ بالِ پری سے مسطر کھینچ

بہ نیم غمزہ ادا کر حقِ ودیعتِ ناز
نیامِ پردۂ زخمِ جگر سے خنجر کھینچ

مرے قدح میں ہے صہبائے آتشِ پنہاں
بروئے سفرہ کبابِ دلِ سمندر کھینچ

تری طرف ہے بہ حسرت نظارۂ نرگس
بکوریِ دل و چشمِ رقیب ساغر کھینچ

خمارِ منّتِ ساقی اگر یہی ہے **اسد**
دلِ گداختہ کے میکدے میں ساغر کھینچ

●

## ردیف ح

دعویٔ عشقِ بتاں سے بہ گلستاں گل و صبح
ہیں رقیبانہ بہم دست و گریباں گل و صبح

ساقِ گلرنگ سے اور آئنۂ زانو سے
جامہ زیبوں کے سدا ہیں تہِ داماں گل و صبح

وصلِ آئینہ رخاں ہم نفسِ یک دیگر
ہیں دعا ہائے سحرگاہ سے خواہاں گل و صبح



آئنہ خانہ ہے صحنِ چمنستاں تجھ سے[1]
بسکہ ہیں بے خود و وارفتہ و حیراں گل و صبح

زندگانی نہیں بیش از نفسِ چند **اسد**
غفلت آرامیِ یاراں پہ ہیں خنداں گل و صبح

●

## ردیف د

بسکہ وہ پا کوبیاں در پردۂ وحشت ہیں یاد
ہے غلافِ دفچۂ خورشید ہر یک گرد باد

طرفہ موزونی ہے صرفِ جنگجوئی ہائے یار
ہے سرِ مصراعِ صافِ تیغ خنجر مستزاد

ہاتھ آیا زخمِ تیغِ یار سا پہلو نشیں
کیوں نہ ہووے آج کے دن بیکسی کی روح شاد

کیجے آہوئے ختن کو خضرِ صحرائے طلب
مشک ہے سنبلستانِ زلف میں گردِ سواد

ہم نے سو زخمِ جگر پر بھی زباں پیدا نہ کی
گل ہوا ہے ایک زخمِ سینہ پر خواہانِ داد

بسکہ ہیں در پردہ مصروفِ سیہ کاری تمام
آستر ہے خرقۂ زہاد کا صوفِ مداد

---

۱۔ یہاں متن میں ''تجھ سے'' کو کاٹ کر موٹے قلم سے شکستہ خط میں ''یکسر'' تحریر کیا ہے۔

تیغ درکف ،کف بلب ، آتا ہے قاتل اس طرف
مژدہ باد اے آرزوے مرگِ غالب مژدہ باد

●

تو پست فطرت اور خیالِ بسا بلند
اے طفلِ خود معاملہ قد سے عصا بلند
ویرانیِ جز آمد و رفتِ نفس نہیں
ہے کوچہہاے نے میں غبار صدا بلند
رکھتا ہے انتظارِ تماشاے حسنِ دوست
مژگانِ باز ماندہ سے دستِ دعا بلند
موقوف کیجیے یہ تکلف نگاریاں
ہوتا ہے ورنہ شعلۂ رنگِ حنا بلند
قربانِ اوج ریزیِ چشمِ حیا پرست
یک آسماں ہے مرتبۂ پشتِ پا بلند
ہے دلبری کمینگر ایجادِ یک نگاہ
کارِ بہانہ جوئیِ چشمِ حیا بلند
بالیدگی نیازِ قدِ جاں فزا اسد
در ہر نفس ، بقدرِ نفس ، ہے قبا بلند

●

حسرتِ دستگہ و پاے تحمل تا چند
رگِ گردن ، خطِ پیمانۂ بے مُل تا چند



ہے گلیمِ سیہِ بختِ پریشاں کاکل
موئنہ بافتنِ ریشۂ سنبل تاچند
کوکبِ بخت بجز روزنِ پُر دود نہیں
عینکِ چشمِ جنوں حلقۂ کاکل تا چند
چشم بے خونِ دل و دل تہی از جوشِ نگاہ
بزباں عرضِ فسونِ ہوسِ گُل تا چند
بزم داغِ طرب و باغ کشادِ پرِ رنگ
شمع و گل تا کے و پروانہ و بلبل تا چند
نالہ دامِ ہوس و دردِ اسیری معلوم
شرحِ بر خود غلطیہائے تحمل تا چند
جوہرِ آئنہ فکرِ سخنِ موئے دماغ
عرضِ حسرت پسِ زانوے تامّل تا چند
سادگی ہے عدمِ قدرتِ ایجادِ غنا
ناکسی ! آئنۂ نازِ توکّل تاچند
اسدِ خستہ گرفتارِ دو عالم اوہام
مشکل آساں کنِ یک خلق ! تغافل تا چند

●

یہ کامِ دل کریں کس طرح گمرہاں فریاد
ہوئی ہے لغزشِ پا لکنتِ زباں فریاد
کہاں بندگیِ گل ہے رہنِ آزادی
ز دستِ مشتِ پر و خارِ آشیاں فریاد

نوازشِ نفسِ آشنا کہاں ، ورنہ
برنگِ نے ہے نہاں در ہر استخواں فریاد

تغافل آئنہ دارِ خموشیِ دل ہے
ہوئی ہے محو بہ تقریبِ امتحاں فریاد

ہلاکِ بے خبری نغمۂ وجود و عدم
جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد

جوابِ سنگدلی ہائے دشمناں ، ہمت
[1]ز دستِ شیشگیِ طبعِ دوستاں فریاد

ہزار آفت و یک جانِ بے نوائے اسد
خدا کے واسطے اے شاہِ بے کساں فریاد

●

[2]حُسن غمزے کی کشا کش سے چُھٹا میرے بعد
بارے آرام سے ہیں اہلِ جفا میرے بعد

منصبِ شیفتگی کے کوئی قابل نہ رہا
ہوئی معزولیِ انداز و ادا میرے بعد

---

۱۔ یہ مصرع کاٹ کر یوں بدلا ہے :
''ز دست شیشۂ دلہائے دوستاں فریاد''

۲۔ اس غزل کے حاشیے پر یہ شعر درج کیا ہے (موٹے قلم سے ، شکستہ مگر بدخط نہیں ہے) :
تھی نگہ میری نہاں خانۂ دل کی نقّاب
بے خطر جیتے ہیں اربابِ ریا میرے بعد



شمع بجھتی ہے تو اُس میں سے دُھواں اُٹھتا ہے
شعلۂ عشق سیہ پوش ہوا میرے بعد

خوں ہے دل خاک میں احوالِ بتاں پر یعنی
اُن کے ناخن ہوئے محتاجِ حنا میرے بعد

درِ خورِ عرض نہیں جوہرِ بیداد کو جا
نگہِ ناز ہے سُرمے سے خفا میرے بعد

ہے جنوں اہلِ جنوں کے لیے آغوشِ وداع
چاک ہوتا ہے گریباں سے جدا میرے بعد

کون ہوتا ہے حریفِ مئے مرد افگنِ عشق
ہے مکرّر لبِ ساقی پہ صلا میرے بعد

غم سے مرتا ہوں کہ اتنا نہیں دنیا میں کوئی
کہ کرے تعزیتِ مہر و وفا میرے بعد

تھا میں گلدستۂ احباب کی بندش کی گیاہ
متفرق ہوئے میرے رفقا میرے بعد

آئے ہے بیکسیِ عشق پہ رونا غالب
کس کے گھر جائے گا سیلابِ بلا میرے بعد

●

## ردیف ر

بلا سے ہیں جو یہ پیشِ نظر در و دیوار
نگاہِ شوق کو ہیں بال و پر در و دیوار

جنونِ اشک نے کاشانے کا کیا یہ رنگ
کہ ہو گئے مرے دیوار و در، در و دیوار
نہیں ہے سایہ کہ سُن کر نویدِ مقدمِ یار
گئے ہیں چند قدم پیشتر در و دیوار
کیا ہے تو نے مئے جلوہ کس قدر ارزاں
کہ مست ہے ترے کوچے میں ہر در و دیوار
جو ہے تجھے سرِ سودائے انتظار تو آ
کہ ہیں دکانِ متاعِ نظر در و دیوار
ہجومِ گریہ کا سامان کب کیا میں نے
کہ گر پڑے نہ مرے پاؤں پر در و دیوار
وہ آرہا مرے ہمسایے میں تو سایے سے
ہوئے فدا در و دیوار پر در و دیوار
نہ پوچھ بے خودیِ عیشِ مقدمِ سیلاب
کہ ناچتے ہیں پڑے سر بسر در و دیوار
نظر میں کھٹکے ہے بن تیرے گھر کی آبادی
ہمیشہ روتے ہیں ہم دیکھ کر در و دیوار
نہ کہہ کسو سے کہ غالب نہیں زمانے میں
حریفِ رازِ محبت مگر در و دیوار



●

[1]شیشۂ آتشیں رخِ پُر نور
عرق از خط چکیدہ روغنِ مور
بسکہ ہوں بعدِ مرگ بھی نگراں
مردمک سے ہے خال بر لبِ گور
بار لاتی ہے دانہائے سرشک
مژے سے[2] ریشۂ رزِ انگور
ظلم کرنا گدائے عاشق پر
نہیں شاہانِ حُسن کا دستور
دوستو مجھ ستم رسیدہ سے
دشمنی ہے وصال کا مذکور
زندگانی پہ اعتماد غلط
ہے کہاں قیصر اور کہاں فغفور
کیجے جوں اشک اور قطرہ زنی
اے اسد ہے ہنوز دلی دور

---

۱- اس غزل پر متن میں موٹے قلم سے بدخط ''غلط'' لکھا ہے۔ معلوم ہوتا ہے اسے دیوان سے حذف کرنا مقصود تھا۔
۲- عرشی : ''مژہ ہے''

[1]بسکہ مائل ہے وہ رشکِ ماہتاب آئینے پر
ہے نفس تارِ شعاعِ آفتاب آئینے پر

بازگشتِ جادہ پیمائے رہِ حیرت کہاں
غافلاں غش جان کر چھڑکے ہیں آب آئینے پر

بدگماں کرتی ہے عاشق کو خودآرائی تری
بے دلوں کو ہے براتِ اضطراب آئینے پر

نازِ خودبینی کے باعث خونیِ صد بے گناہ
جوہرِ شمشیر کو ہے پیچ و تاب آئینے پر

سدِّ اسکندر ہو از بہرِ نگاہِ گُل رخاں[2]
گر کرے یوں امرِ نہی ہو تراب آئینے پر

دل کو توڑا جوشِ بیتابی سے **غالب** کیا کیا؟
رکھ دیا پہلو بہ وقتِ اضطراب آئینے پر

---

۱- اس غزل کے حاشیے پر موٹے قلم سے شکستہ خط میں یہ شعر تحریر ہے:

مدعی میرے صفائے دل سے ہوتا ہے خجل
ہے تماشا زشت رویوں کا عتاب آئینے پر

۲- عرشی: ''سدّ اسکندر بنے بہرِ نگاہ گلرخاں''۔



نہیں بندِ زلیخا بے تکلف ماہِ کنعاں پر
سفیدی دیدۂ یعقوب کی پھرتی ہے زنداں پر

لرزتا ہے مرا دل زحمتِ مہرِ درخشاں پر
میں ہوں وہ قطرۂ شبنم کہ ہو خارِ بیاباں پر

دلِ خونیں جگر بے صبر و فیضِ عشق مستغنی
الٰہی یک قیامت خاور آ ٹوٹے بدخشاں پر

فنا تعلیمِ درسِ بیخودی ہوں اُس زمانے سے
کہ مجنوں لام الف لکھتا تھا دیوارِ دبستاں پر

فراغت کس قدر رہتی مجھے تشویشِ مرہم سے
بہم گر صلح کرتے پارہ ہائے دل نمکداں پر

نہیں اقلیمِ الفت میں کوئی طومارِ ناز ایسا
کہ پشتِ چشم سے جس کے نہ ہووے مُہر عنواں پر

مجھے اب دیکھ کر ابرِ شفق آلودہ یاد آیا
کہ فرقت میں تری آتش برستی تھی گلستاں پر

بجز پروازِ شوقِ ناز کیا باقی رہا ہو گا
قیامت اک ہوائے تند ہے خاکِ شہیداں پر

**اسد**! اے بے تحمل، عربدہ بے جا ہے ناصح سے
کہ آخر بے کسوں کا زور چلتا ہے گریباں پر

صفائے حیرتِ آئینہ ہے سامانِ زنگ آخر
تغیر آبِ برجا ماندہ کا پاتا ہے رنگ آخر

خطِ نوخیز نیلِ چشم زخمِ صافیِ عارض
لیا آئینے نے حرزِ پرِ طوطی بچنگ آخر

ہلال آسا تہی رہ، گر کشادن ہائے دل چاہے
ہوا مہ کثرتِ سرمایہ اندوزی سے تنگ آخر

تڑپ کر مر گیا وہ صیدِ بال افشاں کہ مضطر تھا
ہوا ناسورِ چشمِ تعزیت چشمِ خدنگ آخر

لکھی یاروں کی بدمستی نے میخانے کی پامالی
ہوئی قطرہ فشانی ہائے مے بارانِ سنگ آخر

اسد پردے میں بھی آہنگِ شوقِ یار قائم ہے
نہیں ہے نغمے سے خالی خمیدن ہائے چنگ آخر

●

[1]بینش بسعیِ ضبطِ جنوں نوبہار تر
دل در گدازِ نالہ بہ گاہ آبیار تر

قاتل بہ عزمِ ناز و دل از زخم در گداز
شمشیر آب دار و نگاہ آب دار تر

۱۔ اس غزل پر متن میں موٹے قلم سے شکستہ خط میں "غلط" لکھا ہے اور لکھنے کے بعد کاٹ دیا ہے۔



ہے کسوتِ عروجِ تغافل کمالِ حسن
چشمِ سیہ بہ مرگِ نگہ سوگوار تر

سعیِ خرام کاوشِ ایجادِ جلوہ ہے
جوشِ چکیدنِ عرق آئینہ کار تر

ہر گرد باد حلقۂ فتراکِ بے خودی
مجنونِ دشتِ عشق تحیر شکار تر

اے چرخ! خاک بر سرِ تعمیرِ کائنات
لیکن بنائے عہدِ وفا استوار تر

آئینہ داغِ حیرت و حیرت شکنجِ یاس
سیماب بے قرار و اسد بے قرار تر

●

دیا یاروں نے بیہوشی میں درماں کا فریب آخر
ہوا سکتے سے میں آئینۂ دستِ طبیب آخر

ستمکش مصلحت سے ہوں کہ خوباں تجھ پہ عاشق ہیں
تکلف برطرف، مل جائے گا تجھ سا رقیب آخر

رگِ گل جادۂ تارِ نگہ سے حد موافق ہے
ملیں گے منزلِ الفت میں ہم اور عندلیب آخر

غرورِ ضبط وقتِ نزع ٹوٹا بے قرارانہ
نیازِ بال افشانی ہوا صبر و شکیب آخر

اسد کی طرح میری بھی بغیر از صبح رخساراں
ہوئی شام جوانی اے دلِ حسرت نصیب آخر

●

فسونِ[1] یک دلی ہے لذت بیداد دشمن پر
کہ وجدِ برق چوں پروانہ بال افشاں ہے خرمن پر

تکلف خارِ خارِ التماسِ بے قراری ہے
کہ رشتہ باندھتا ہے پیرہن انگشتِ سوزن پر

برنگِ کاغذِ آتش زدہ، نیرنگِ بے تابی
ہزار آئینہ دل باندھا ہے بالِ یک تپیدن پر

میں اور وہ بے سبب رنج، آشنا دشمن کہ رکھتا ہے
شعاعِ مہر سے تہمت نگہ کی چشمِ روزن پر

یہ کیا وحشت ہے؟ اے دیوانہ پیش از مرگ واویلا
رکھی بے جا بنائے خانۂ زنجیر شیون پر

---

۱- اس غزل کے حاشیے پر موٹے قلم سے بد خط شکستہ میں یہ تین شعر لکھے ہیں:

جنوں کی دست گیری کس سے ہو گر ہو نہ عریانی
گریباں چاک کا حق ہو گیا ہے میری گردن پر
فلک سے ہم کو عیشِ رفتہ کا کیا کیا تقاضا ہے
متاعِ بردہ کو سمجھے ہوئے ہیں قرض رہزن پر
فنا کو سونپ گر مشتاق ہے اپنی حقیقت کا
فروغِ طالعِ خاشاک ہے موقوف گلخن پر



اسد بسمل ہے کس انداز کا؟ قاتل سے کہتا ہے
کہ مشقِ ناز کر، خونِ تمنا[1] میری گردن پر

●

## ردیف ز

حسنِ خود آرا کو ہے مشقِ تغافل ہنوز
ہے کفِ مشاطہ میں آئینۂ گل ہنوز

سادگیِ یک خیال، شوخیِ صد رنگ نقش
حیرتِ آئینہ ہے جیبِ تامل ہنوز

سادہ و پرکار تر، غافل و ہشیار تر
مانگے ہے شمشاد سے شانۂ سنبل ہنوز

ساقی و تعلیم رنج، محفل و تمکیں گراں
سیلیِ استاد ہے ساغرِ بے مُل ہنوز

شغلِ ہوس در نظر، لیک حیا بے خبر
شاخِ گل نغمہ ہے نالۂ بلبل ہنوز

دل کی صدائے شکست، سازِ طرب ہے اسد
شیشۂ بے بادہ سے چاہے ہے قلقل ہنوز

---

۱- یہاں لفظ ”تمنا“ کے بجائے موٹے قلم سے شکستہ خط میں ”دو عالم“ لکھا ہے۔

●

[1]یگانۂ وفا ہے ہوائے چمن ہنوز
وہ سبزہ سنگ پر نہ آگا کوہ‌کن ہنوز

یارب ! یہ دردمند ہے کس کی نگاہ کا
ہے ربطِ مشک و داغِ سوادِ ختن ہنوز

جوں جادہ سر بکوے تمنّاے بےدلی
زنجیرِ پا ہے رشتۂ حب الوطن ہنوز

ہے نازِ مفلساں زرِ از دست رفتہ پر
ہوں گل فروشِ شوخیِ داغِ کہن ہنوز

میں دور گردِ قربِ بساطِ نگاہ تھا
بیرونِ دل نہ تھی تپشِ انجمن ہنوز

---

۱- اس غزل کے حاشیے پر ذیل کے تین شعر موٹے قلم سے شکستہ خط میں لکھے ہیں - پہلے شعر کا مصرعِ اول متداول دیوان کے اسی مصرع سے ذرا سا مختلف ہے :

فارغ مجھے نہ جان کہ جوں صبح و آفتاب
ہے داغِ عشق زینتِ جیب کفن ہنوز

اے شعلہ فرصتے کہ سویداے دل سے ہوں
کشتِ سپندِ صد جگر اندوختن ہنوز

میخانۂ جگر میں یہاں خاک بھی نہیں
خمیازہ کھینچے ہے بت بیداد فن ہنوز

ان اشعار میں شعر ۲ اس سے آگے تیسری غزل کے متن میں پھر موجود ہے - اب میں نہیں کہہ سکتا کہ یہاں اشارہ نویسی میں مجھ سے غلطی ہوئی یا حاشیے میں لکھے ہوئے اس شعر کی تکرار آگے آنے والی ایک غزل کے متن میں فی‌الواقع ہوئی ہے -



تھا مجھ کو خارِ خارِ جنونِ وفا اسد
سوزن میں تھا نہفتہ گلِ پیرہن ہنوز

●

چاکِ گریباں کو ہے ربطِ تامل ہنوز
غنچے میں دل تنگ ہے حوصلۂ گل ہنوز

دل میں ہے سوداے زلف مستِ تغافل ہنوز
ہے مژۂ خواب ناک ریشۂ سنبل ہنوز

پرورشِ نالہ ہے وحشتِ پرواز سے
ہے تہِ بالِ پری بیضۂ بلبل ہنوز

عشق کمیں‌گاہِ درد ، وحشتِ دل دور گرد
دامِ تہِ سبزہ ہے حلقۂ کاکل ہنوز

لذتِ تقریرِ عشق پردگیِ گوشِ دل
جوہرِ افسانہ ہے عرضِ تحمل ہنوز

آئنۂ امتحاں نذرِ تغافل اسد
شش جہت اسباب ہے وہمِ توکل ہنوز

●

[1]میں ہوں سرابِ یک تپش آموختن ہنوز
زخمِ جگر ہے تشنۂ لب دوختن ہنوز

اے شعلہ ! فرصتے کہ سویداے دل سے ہوں
کشتِ سپندِ صد جگر اندوختن ہنوز

---

۱- متن میں اس غزل کے اوپر ''غلط'' لکھا ہے -

فانوسِ شمع ہے کفنِ کشتگانِ شوق
در پردہ ہے معاملۂ سوختن ہنوز

مجنوں ! فسونِ شعلہ خرامی فسانہ ہے
ہے شمعِ جادہ داغِ نیفروختن ہنوز

کُو یک شرر ؟ کہ سازِ چراغاں کروں اسد
بزمِ طرب ہے پردگیِ سوختن ہنوز

●

[1]حریفِ مطلبِ مشکل نہیں فسونِ نیاز
دعا قبول ہو یارب کہ عمرِ خضر دراز !

نہ ہو بہ ہرزہ بیاباں نوردِ وہمِ وجود
ہنوز تیرے تصوّر میں ہے نشیب و فراز

---

۱- اس غزل کے حاشیے پر مندرجہ ذیل چار شعر موٹے قلم سے شکستہ خط میں لکھے ہیں - مقطع میں یہ نکتہ قابلِ لحاظ ہے کہ یہاں تخلص اسد نہیں ، غالب رکھا ہے اور متن میں اسد والے مقطع پر ''لا لا'' لکھ دیا ہے :

ز بس کہ جلوۂ صیاد حیرت آرا ہے
اڑی ہے صفحۂ خاطر سے صورتِ پرواز

ہجومِ فکر سے دل مثلِ موج لرزے ہے
کہ شیشہ نازک و صہبائے آبگینہ گداز

ہر ایک ذرۂ عاشق ہے آفتاب پرست
گئی نہ خاک ہوئے پر، ہوائے جلوۂ ناز

نہ پوچھ وسعتِ میخانۂ جنونِ غالب
جہاں یہ کاسۂ گردوں ہے ایک خاک انداز



فریبِ صنعتِ ایجاد کا تماشا دیکھ
نگاہ عکس فروش و خیال آئنہ ساز

وصال ، جلوہ تماشا ہے ، پھر دماغ کہاں
کہ دیجے آئنۂ انتظار کو پرواز

ہنوز اے اثرِ دید ننگِ رسوائی
نگاہ فتنہ خرام و درِ دو عالم باز

اسد سے ترکِ وفا کا گماں وہ معنی ہے
کہ کھینچیے پرِ طائر سے صورتِ پرواز

●

نہ گلِ نغمہ ہوں ، نہ پردۂ ساز
میں ہوں اپنی شکست کی آواز

تو اور آرائشِ خمِ گیسو[1]
میں اور اندیشہائے دور و دراز

لافِ تمکیں فریبِ سادہ دلی
ہم ہیں اور راز ہائے سینہ گداز

ہوں گرفتارِ اُلفتِ صیاد
ورنہ باقی ہے طاقتِ پرواز

وہ بھی دن ہو کہ اُس ستمگر سے
ناز کھینچوں بجائے حسرتِ ناز

---

۱- قلمی دیوان میں مروجہ ''خمِ کاکل'' کے بجائے ''خمِ گیسو'' ہے -

نہیں دل میں مرے وہ قطرۂ خوں
جس سے مژگاں ہوئی نہ ہو گلباز

اے ترا غمزہ ، یک قلم انگیز
اے ترا ظلم سربسر انداز

تُو ہوا جلوہ گر، مبارک ہو
ریزشِ سجدۂ جبینِ نیاز

[1] یا علی ! یک نگاہ سوے اسد
میں غریب اور تو غریب نواز

●

کُو بیابانِ تمنا و کجا جولانِ عجز
آبلے پا کے ہیں یاں رفتار کو دندانِ عجز

ہو قبولِ کم نگاہی تحفۂ اہلِ نیاز
اے دل واے جانِ ناز اے دین واے ایمانِ عجز

بوسۂ پا انتخابِ بدگمانی ہاے حسن
یاں ہجومِ عجز سے تا سجدہ ہے جولانِ عجز

حُسن کو غنچوں سے ہے پوشیدہ چشمہاے ناز
عشق نے وا کی ہر یک خار سے مژگانِ عجز

---

۱۔ حاشیے پر مقطع کا مصرع اول (موٹے قلم سے ، شکستہ خط میں) بصورت ذیل لکھا ہے :
''نگہِ التفات سوے اسد''



اضطرابِ نارسائی موجدِ [1] شرمندگی
ہے عرق ریزیِ خجلت جوششِ طوفانِ عجز

وہ جہاں مسند نشینِ بارگاہِ ناز ہو
قامتِ خوباں ہو محرابِ نیازستانِ عجز

بسکہ بے پایاں ہے صحراے محبت اے اسد
گردباد اس راہ کا ہے عقدۂ پیمانِ عجز

●

داغِ اطفال ہے دیوانہ بہ کہسار ہنوز
خلوتِ سنگ میں ہے نالہ طلبگار ہنوز

خانہ ہے سیل سے خُوکردۂ دیدار ہنوز
دوربیں درزدہ ہے رخنۂ دیوار ہنوز

وسعتِ سعیِ کرم دیکھ کہ سر تا سرِ خاک
گزرے ہے آبلہ پا ابرِ گہر بار ہنوز

یک قلم کاغذِ آتش زدہ ہے صفحۂ دشت
نقشِ پا میں ہے تپِ گرمیِ رفتار ہنوز

آئی یک عمر سے معذورِ تماشا نرگس
چشمِ شبنم میں نہ ٹوٹا مژۂ خار ہنوز

---

۱۔ لفظ ''موجد'' کو کاٹ کر (موٹا قلم ، شکستہ خط) ''مایہ'' بنایا ہے۔ دونوں مصرعوں میں کچھ اور بھی اصلاح دینی چاہی ہے مگر پھر ان الفاظ کو کاٹ دیا ہے۔ گویا یہ شعر بہ تغیرِ لفظِ ''موجد'' بجنسہٖ رہنے دیا ہے۔

کیوں ہؤا تھا طرفِ آبلۂ پا یا رب!
جادہ ہے واشدنِ پیچشِ طومار ہنوز

ہوں خموشی چمنِ حسرتِ دیدار اسد
مژہ ہے شانہ کشِ طرۂ گفتار ہنوز

●

نہ بندھا تھا بہ عدم نقشِ دلِ مور ہنوز
تب سے ہے یاں دہنِ یار کا مذکور ہنوز

سبزہ ہے نوکِ زبانِ دہنِ گور ہنوز
حسرتِ عرضِ تمنا میں ہوں رنجور ہنوز

صد تجلی کدہ ہے صرفِ جبینِ غربت
پیرہن میں ہے غبارِ شررِ طور ہنوز

زخمِ دل میں ہے نہاں غنچۂ پیکانِ نگار
جلوۂ باغ ہے درپردۂ ناسور ہنوز

پا پُر از آبلہ راہِ طلب سے میں ہؤا
ہاتھ آیا نہیں یک دانۂ انگور ہنوز

گل کھلے، غنچے چٹکنے لگے اور صبح ہوئی
سر خوشِ خواب ہے وہ نرگسِ مخمور ہنوز

اے اسد تیرگیِ بختِ سیہ ظاہر ہے
نظر آتی نہیں صبحِ شبِ دیجور ہنوز



●

## ردیف س

[1] حاصلِ دل بستگی ہے عمرِ کوتاہ اور بس
وقفِ عرضِ عقدہ ہائے متّصل تارِ نفس

کیوں نہ طوطیِ طبیعت نغمہ پیرائی کرے
باندھتا ہے رنگِ گل آئینہ بر[2] چاکِ قفس

---

١- اس صفحے کے حاشیے پر آٹھ شعر کی یہ غزل درج ہے (موٹا قلم، شکستہ خط):

کب فقیروں کو رسائی بتِ میخوار کے پاس
تونبے بو دیجیے میخانے کی دیوار کے پاس

مژدہ اے ذوق اسیری کہ نظر آتا ہے
دامِ خالی قفسِ مرغِ گرفتار کے پاس

جگرِ تشنۂ آزار تسلّی نہ ہوا
جوے خوں ہم نے بہائی بُنِ ہر خار کے پاس

مند گئیں کھولتے ہی کھولتے آنکھیں، ہے ہے
خوب وقت آئے تم اس عاشقِ بیمار کے پاس

میں بھی رک رک کے نہ مرتا جو زباں کے بدلے
دشنہ اک تیز سا ہوتا مرے غم خوار کے پاس

دہنِ شیر میں جا بیٹھیے، لیکن اے دل
نہ کھڑے ہوجیے خوبانِ دل آزار کے پاس

دیکھ کر تجھ کو چمن بسکہ نمو کرتا ہے
خود بخود پہنچے ہے گل گوشۂ دستار کے پاس

مر گیا پھوڑ کے سر غالبِ وحشی ہے ہے
بیٹھنا اس کا وہ آ کر تری دیوار کے پاس

٢- عرشی: ''تا'' (بجائے ''بر'')۔

اے ادا فہماں! صدا ہے تنگیِ فرصت سے خوں
ہے بصحرائے تحیّر چشمِ قربانی جرس

تیز تر ہوتا ہے خشمِ تند خویاں عجز سے
ہے رگِ سنگِ فسانِ تیغِ شعلہ خار و خس

سختیِ راہِ محبت منعِ دخلِ غیر ہے
پیچ و تابِ جادہ ہے یاں جوہرِ تیغِ عسس

اے **اسد** خود ہم اسیرِ رنگ و بوے باغ ہیں
ظاہرا صیادِ ناداں ہے گرفتارِ ہوس

●

دشتِ الفت میں ہے خاکِ کشتگاں محبوس و بس
پیچ و تابِ جادہ ہے خطِ کفِ افسوس و بس

نیم رنگی ہائے شمع محفلِ خوباں سے ہے
پیچکِ مہ صرفِ چاکِ پردۂ فانوس و بس

ہے تصور میں نہاں سرمایۂ صد گلستاں
کاسۂ زانو ہے مجھ کو بیضۂ طاؤس و بس

کفر ہے غیر از گدازِ[1] شوق رہبر خواستن
راہِ صحرائے حرم میں ہے جرس ناقوس و بس

---

١- ''گداز'' کو موٹے قلم سے شکستہ خط میں ''وفور'' بنایا ہے -



[1] اے **اسد** گل تختۂ مشق شگفتن ہو گئے
غنچۂ خاطر رہا افسردگی مانوس و بس

●

کرتا ہے بہ یادِ بتِ رنگیں دلِ مایوس
رنگِ ز نظر رفتہ حنائے کفِ افسوس

تھا خواب میں کیا جلوہ نظر جوش[2] زلیخا
ہے بالشِ دل سوختگاں میں پرِ طاؤس

حیرت سے رخِ دوست کے از بسکہ ہیں بیکار
خور قطرۂ شبنم میں ہے جوں شمع بہ فانوس

دریافتنِ صحبتِ اغیار، غرض ہے
اے نامہ رساں نامہ رساں چاہیے جاسوس

ہے مشق **اسد** دستگہِ وصل کی منظور
ہوں خاک نشیں از پۓ ادراکِ قدم بوس

---

١- اس مصرع کا کچھ حصہ کاٹ دیا ہے اور اسے موٹے قلم سے شکستہ خط میں یہ صورت دی ہے :

یک جہاں گل تختۂ مشق شگفتن ہے اسد

٢- ''نظر جوش'' کے نیچے شکستہ خط میں موٹے قلم سے ''پرستار'' لکھا ہے -

## ردیف ش

[1] ز جوشِ اعتدالِ فصل و تمکینِ بہار آتش
بہ اندازِ حنا ہے رونقِ دستِ چنار آتش

نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے
لگاوے خانۂ آئینہ میں رُوے نگار آتش

فروغِ حسن سے ہوتی ہے حلِّ مشکلِ عاشق
[2] نکالے ہے ز پائے شمعِ بر جا ماندہ خار آتش

شرر ہے رنگ بعد اظہارِ تابِ جلوۂ تمکیں
کرے ہے سنگ پرخورشیدآبِ روے کار آتش

نہ پاوے بے گدازِ موم ربطِ پیکر آرائی
نکالے کیا نہالِ شمع بے تخمِ شرار آتش

خیالِ دود تھا سر جوشِ سوداے غلط فہمی
اگر رکھتی نہ خاکستر نشینی کا غبار آتش

ہواے پرفشانی برقِ خرمن ہاے خاطر ہے
بہ بالِ شعلۂ بیتاب ہے پروانہ زار آتش

---

۱- اس مصرع کا ابتدائی حصہ (''تمکین بہار آتش'' سے پہلے) موٹے قلم سے شکستہ خط میں بدل دیا ہے اور مصرع کی صورت یوں ہو گئی ہے :
ہوئی ہے بسکہ صرفِ مشقِ تمکینِ بہار آتش
۲- حاشیے پر یہ مصرع اس طرح لکھا ہے (موٹا قلم ، شکستہ خط) :
نہ نکلے شمع کے پا سے نکالے گر نہ خار آتش



نہیں برق و شرر جز وحشت و ضبطِ تپیدن ہا
بلا گردانِ بے پروا خرامی ہاے یار آتش

دھوئیں سے آگ کے اک ابرِ دریا بار ہو پیدا
اسد حیدر پرستوں سے اگر ہووے دو چار آتش

●

بہ اقلیمِ سخن ہے جلوۂ گردِ سواد آتش
کہ ہے دودِ چراغاں سے ہیولاے مداد آتش

[1] اگر مضمونِ خاکستر شدن دیباچہ پیرا ہو
نہ باندھے شعلۂ جوالہ غیر از گرد باد آتش

کرے ہے لطفِ اندازِ برہنہ گوئیِ خوباں
[2] ز وا بالیدن مضمونِ سطرِ شعلہ یاد آتش

دیا داغِ جگر کو آہ نے رنگ اور شگفتن کا
نہ ہو بالیدہ غیر از جنبشِ دامانِ باد آتش

[3] اسد قدرت سے حیدر کی ہوی ہر گبر و ترسا کے
شرارِ سنگِ بت ہی در بنائے اعتقاد آتش

---

۱- اس مصرع کو موٹے قلم سے شکستہ خط میں یہ اصلاح دی ہے :
اگر مضمون خاکستر کرے دیباچہ آرائی
۲- یہ مصرع بدخط شکستہ میں حاشیے پر یوں بدلا ہے :
بہ تقریبِ نگارش ہاے سطر شعلہ یاد آتش
۳- قلمی دیوان میں یوں ہی ہے - واضح رہے کہ مفتی انوارالحق نے مصرع اول کا آخری لفظ ''کو'' بنا دیا ہے اور مصرع ثانی میں ''در بناے اعتقاد'' کو ''بر بنائے اعتقاد'' لکھا ہے -

## ردیف ع

جادۂ رہ خور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع
چرخ وا کرتا ہے ماہِ نو سے آغوشِ وداع

شمع سے ہے بزمِ انگشتِ تحیّر در دہن
شعلۂ آوازِ خوباں پر بہ ہنگامِ سماع

جوں پرِ طاؤس جوہر تختہ مشقِ رنگ ہے
بسکہ ہے وہ قبلۂ آئینہ محوِ اختراع

رنجشِ حیرت سرشتاں سینہ صافی پیشکش
جوہرِ آئینہ ہے یاں گردِ میدانِ نزاع

چار سوے دہر میں بازارِ غفلت گرم ہے
[1]ورنہ نقصانِ تصور ہے خیالِ انتفاع

آشنا **غالب** نہیں ہیں دردِ دل کے آشنا
ورنہ کس کو میرے افسانے کی تابِ استماع

●

رخِ نگار سے ہے سوزِ جاودانیِ شمع
ہوئی ہے آتشِ گل آبِ زندگانیِ شمع

زبانِ اہلِ زباں میں ہے مرگ خاموشی
یہ بات بزم میں روشن ہوئی زبانیِ شمع

---

۱- یہ مصرع حاشیے پر بصورت ذیل بدلا ہے (موٹے قلم سے، شکستہ خط میں) :
عقل کے نقصاں سے اُٹھتا ہے خیال انتفاع



کرے ہے صرف بہ ایماے شعلہ قصہ تمام
بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع

غم اِس کو حسرتِ پرواز کا ہے اے شعلہ
ترے لرزنے سے ظاہر ہے ناتوانیِ شمع

ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے
بہ جلوہ ریزیِ باد و بہ پرفشانیِ شمع

نشاطِ داغِ غمِ عشق کی بہار نہ پوچھ
شگفتگی ہے شہیدِ گلِ خزانیِ شمع

[1]جلے ہے دیکھ کے بالینِ یار پر مجھ کو
**اسد** ہے دل پہ مرے داغِ بدگمانیِ شمع

●

## ردیف غ

عشاق اشکِ چشم سے دھوویں ہزار داغ
دیتا ہے اور جوں گل و شبنم بہار داغ

جوں چشمِ باز ماندہ ہے ہر یک بسوے دل
رکھتا ہے داغِ تازہ کا یاں انتظار داغ

بے لالہ عارضاں مجھے گلگشتِ باغ میں
دیتی ہے گرمیِ گل و بلبل ہزار داغ

---

۱- مصرع ثانی متداول دیوان میں بصورت ذیل ملتا ہے :
نہ کیوں ہو دل پہ مرے داغ بدگمانیِ شمع

جوں اعتماد نامہ و خط کا ہو مہر سے
یوں عاشقوں میں ہے سببِ اعتبار داغ

ہوتے ہیں نیست جلوۂ خور سے ستارگاں
دیکھ اس کو دل سے مٹ گئے بے اختیار داغ

[1] در عالمِ تصوّرِ روئے بتاں اسد
دکھلائے ہے مجھے دو جہاں لالہ زار داغ

●

[2] بلبلوں کو دور سے کرتا ہے منعِ بارِ باغ
ہے زبانِ پاسباں خارِ سرِ دیوارِ باغ

کون آیا جو چمن بیتابِ استقبال ہے
جنبشِ موجِ صبا ہے شوخیِ رفتارِ باغ

میں ہمہ حیرت جنوں بیتابِ دورانِ خمار
مردمِ چشمِ تماشا نقطۂ پرکارِ باغ

آتشِ رنگِ رخِ ہر گل کو بخشے ہے فروغ
ہے دمِ سردِ صبا سے گرمیِ بازارِ باغ

---

۱- حاشیے پر یہ مصرع یوں بدلا ہے (موٹا قلم ، شکستہ) :
وقتِ خیالِ جلوۂ حسنِ بتاں اسد

۲- اس غزل کے مطلع کے دونوں مصرعوں کے درمیان لکھا ہے :
"پسند خاطر عبدالعلے" اور ساتھ نشان ؏ لگایا ہے ۔ دوسرے ، چوتھے اور پانچوں شعر کو اسی نشان ؏ سے ممتاز کیا ہے ۔ غالباً یہ تین شعر عبدالعلی کو پسند آئے ہیں ۔



کون گل سے ضعف و خاموشیِ بلبل کہہ سکے
نے زبانِ غنچہ گویا نے زبانِ خارِ باغ

جوشِ گل کرتا ہے استقبالِ تحریرِ اسد
زیرِ مشقِ شعر ہے نقش از پئے احضارِ باغ

●

## ردیف ف

[1] نامہ بھی لکھتے ہو تو بہ خطِ غبار حیف
رکھتے ہو مجھ سے اتنی کدورت ہزار حیف

بیمِ رقیب سے نہیں کرتے وداعِ ہوش
مجبور یاں تلک ہوئے اے اختیار حیف

تھی میرے ہی جلانے کو اے آہ شعلہ ریز
گھر پر پڑا نہ غیر کے کوئی شرار حیف

---

۱- چھ اشعار کی اس غزل سے متعلق دو باتیں قابل ذکر ہیں :
مفتی انوار الحق کے نسخے میں تیسرا اور چوتھا شعر باہم بدل گئے ہیں ، مگر قلمی دیوان میں ترتیب اشعار وہی ہے جو یہاں دی گئی ہے ۔
اسی غزل کے حاشیے پر ذیل کے دو شعر موٹے قلم سے شکستہ خط میں بڑھائے گئے ہیں :
گل چہرہ ہے کسی خفقانی مزاج کا
گھبرا رہی ہے بیمِ خزاں سے بہار حیف
جلتا ہے دل کہ کیوں نہ ہم اک بار جل گئے
اے ناتمامیِ نفسِ شعلہ بار حیف

بیش از نفس بتاں کے کرم نے وفا نہ کی
تھا محملِ نگاہ بہ دوشِ شرار حیف

ہیں میری مشتِ خاک سے اُس کو کدورتیں
پائی جگہ بھی دل میں تو ہو کر غبار حیف

بنتا اسد میں سرمۂ چشمِ رکابِ یار
آیا نہ میری خاک پہ وہ شہسوار حیف

●

[1]عیسیِ مہرباں ہے شفا ریز یک طرف
درد آفریں ہے طبعِ الم خیز یک طرف

سنجیدگی ہے ایک طرف رنجِ کوہ کن
خوابِ گرانِ خسروِ پرویز یک طرف

خرمن بباد دادۂ دعوے ہیں ، ہو سو ہو
ہم اک[2] طرف ہیں برقِ شرر بیز یک طرف

ہر مو بدن پہ شہپر پرواز ہے مجھے
بے تابیِ دلِ تپش انگیز یک طرف

---

۱- اس غزل کے حاشیے پر موٹے قلم سے شکستہ خط میں ذیل کا شعر درج ہے :

مفتِ دل و جگر خلشِ غمزہ ہائے ناز
کاوش فروشیٔ مژۂ تیز یک طرف

خاص بات اس اندراج کے متعلق یہ ہے کہ یہ غالب کی تحریر سے نمایاں طور پر مشابہ ہے -

۲- عرشی : ”یک“ -



یک جانب اے اسد شبِ فرقت کا بیم ہے
دامِ ہوس ہے زلفِ دلاویز یک طرف

●

## ردیف ک

[1]زخم پر باندھے ہیں کب طفلانِ بے پروا نمک
کیا مزہ ہوتا اگر پتھر میں بھی ہوتا نمک

گردِ راہِ یار ہے سامانِ نازِ زخمِ دل
ورنہ ہوتا ہے جہاں میں کس قدر پیدا نمک

یاد ہیں اے ہمنشیں وہ دن کہ وجد ذوق میں
زخم سے گرتا تو میں پلکوں سے چنتا تھا نمک

شورِ جولاں تھا کنارِ بحر پر کس کا ؟ کہ آج
گردِ ساحل ہے بزخمِ موجۂ دریا نمک

مجھ کو ارزانی رہے ، تجھ کو مبارک ہو جیو
نالۂ بلبل کا درد اور خندۂ گل کا نمک

داد دیتا ہے مرے زخمِ جگر کی ، واہ وا
یاد کرتا ہے مجھے ، دیکھے ہے وہ جس جا نمک

چھوڑ کر جانا تنِ مجروحِ عاشق حیف ہے
دل طلب کرتا ہے زخم اور مانگیں ہیں اعضا نمک

---

۱- اس غزل کے حاشیے پر یہ شعر درج ہے (موٹا قلم ، شکستہ) :

غیر کی منت نہ چھوڑوں گا پئے توفیرِ درد
زخمِ دل جوں خندۂ خوباں ہیں سر تا پا نمک

اس عمل میں عیش کی لذت نہیں ملتی اسد
زور نسبت مے سے رکھتا ہے نصارا[1] کا نمک

●

[2]آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہوتے تک
کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہوتے تک

دام ہر موج میں ہے حلقۂ صد کام نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہوتے تک

عاشقی صبر طلب، اور تمنا بے تاب
دل کا کیا رنگ کروں خون جگر ہوتے تک

تاقیامت شب فرقت میں گزر جائے گی عمر
سات دن ہم پہ بھی بھاری ہیں سحر ہوتے تک

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے، لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہوتے تک

---

۱- مفتی انوارالحق کے نسخے میں یہ لفظ ''اضارا'' (بجائے ''نصارا'') چھپ گیا ہے - نسخہ شیرانی اور نسخۂ عرشی دونوں میں ''نصارا'' ہے -

۲- متداول دیوان میں اس غزل کی ردیف ''ہونے تک'' معروف عام ہے مگر قلمی دیوان میں مطلع سے لے کر مقطع تک آٹھوں اشعار میں ردیف بالالتزام ''ہوتے تک'' ہے



پرتو خور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم
میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہوتے تک

یک نظر بیش نہیں فرصت ہستی غافل
گرمی بزم ہے اک رقص شرر ہوتے تک

غم ہستی کا اسد کس سے ہو جز مرگ علاج
شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہوتے تک

●

[1]آئے ہیں پارہ ہائے جگر درمیان اشک
لایا ہے لعل بیش بہا کاروان اشک

ظاہر کرے ہے جنبش مژگاں سے مدعا
طفلانہ ہاتھ کا ہے اشارہ زبان اشک

میں وادی طلب میں ہوا جملہ تن عرق
از بسکہ صرف قطرہ زنی تھا بسان اشک

دل خستگاں کو ہے طرب صد چمن بہار
باغ بخوں تپیدن و آب روان اشک

---

۱- پانچ ابیات کی اس غزل کے حاشیے پر موٹے قلم سے بد خط شکستہ میں یہ دو شعر لکھے ہیں :

رونے نے طاقت اتنی نہ چھوڑی کہ ایک بار
مژگاں کو دوں فشار پئے امتحان اشک

سیل بنائے ہستی شبنم ہے آفتاب
چھوڑے نہ چشم میں تپش دل نشان اشک

[1]در حالِ انتظارِ قدومِ بتاں اسد
ہے برسرِ مژہ ، نگراں ، دیدبانِ اشک

●

## ردیف گ

گر تجھ کو ہے یقینِ اجابت ، دعا نہ مانگ
یعنی ، بغیرِ یک دلِ بے مدعا نہ مانگ

[2]اے آرزو شہیدِ وفا خوں بہا نہ مانگ
جز بہرِ دست و بازوے قاتل دعا نہ مانگ

گستاخیِ وصال ہے مشاطۂ نیاز
یعنی دعا بجز خمِ زلفِ دوتا نہ مانگ

برہم ہے بزمِ غنچہ بہ یک جنبشِ نشاط
کاشانہ بسکہ تنگ ہے ، غافل ہوا نہ مانگ

عیسیٰ ! طلسمِ حسن تغافل ہے زینہار
جز پشتِ چشم نسخۂ عرضِ دوا نہ مانگ

---

۱- ''درحال'' کو کاٹ کر اس کے اوپر لفظ ''ہنگام'' لکھا ہے (موٹا قلم ، بد خط) -

۲- اس دوسرے مطلع کے سامنے حاشیے پر نشان ۶ بنا کر کسی شخص نے اپنا نام لکھا ہے : '' آغا علے ''۔



میں دور گردِ عرضِ رسومِ نیاز ہوں
دشمن سمجھ ولے نگہِ آشنا نہ مانگ

نظارہ دیگر و دلِ خونیں نفس دگر
آئینہ دیکھ جوہرِ برگِ حنا نہ مانگ

آتا ہے داغِ حسرتِ دل کا شمار یاد
مجھ سے حسابِ بے گنہی اے خدا نہ مانگ

یک بختِ اوج نذرِ سبک ساریِ اسد
سر پر وبالِ سایۂ بالِ ہما نہ مانگ

●

## ردیف ل

[1]بدر ہے آئینۂ طاقِ ہلال
غافلاں ! نقصاں سے پیدا ہے کمال

ہے بہ یادِ زلفِ مشکیں سال و ماہ
روزِ روشن شامِ آنسوے خیال

---

۱- حاشیے پر گیارہ ابیات کی یہ غزل موٹے قلم سے شکستہ خط میں لکھی ہے :

ہے کس قدر ہلاکِ فریبِ وفاے گل
بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہاے گل

آزادیِ نسیم مبارک کہ ہر طرف
ٹوٹے پڑے ہیں حلقۂ دامِ ہواے گل

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر)

بسکہ ہے اصلِ دمیدن ہا غبار
ہے نہالِ شکوۂ ریحان سفال
صافیِ رخسار سے ہنگامِ شب
عکسِ داغِ شب ہوا عارض پہ خال

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

جو تھا سو موجِ رنگ کے دھوکے میں مر گیا
اے وائے نالۂ لبِ خونیں نوائے گل

دیوانگاں کا چارہ فروغِ بہار ہے
ہے شاخِ گل میں پنجۂ خوباں بجائے گل

خوش حال اس حریفِ سیہ مست کا کہ جو
رکھتا ہو مثلِ سایۂ گل سر بپائے گل

ایجاد کرتی ہے اسے تیرے لیے بہار
میرا رقیب ہے نفسِ عطر سائے گل

مژگاں تلک رسائی لختِ جگر کہاں
اے وائے گر نگاہ نہ ہو آشنائے گل

شرمندہ رکھتے ہیں مجھے بادِ بہار سے
مینائے بے شراب و دلِ بے ہوائے گل

سطوت سے تیرے جلوۂ حسنِ غیور کی
خوں ہے مری نگاہ میں رنگِ ادائے گل

تیرے ہی جلوے کا ہے یہ دھوکا کہ آج تک
بے اختیار دوڑے ہے گل در قفائے گل

غالب مجھے ہے اس سے ہم آغوشی آرزو
جس کا خیال ہے گلِ جیبِ قبائے گل



[1]نور حیدر سے ہے اس کی روشنی
ورنہ ہے خورشید یک دستِ سوال
شورِ حشر اس فتنہ قامت کے حضور
سایہ آسا ہو گیا ہے پائمال
ہو جو بلبل پیروِ فکرِ اسد
غنچۂ منقارِ گلُ ہو زیرِ بال

●

ہر عضو غم سے ہے شکن آسا شکستہ دل
جوں زلفِ یار ہوں میں سراپا شکستہ دل
ہے سرنوشت میں رقمِ وا شکستگی
ہوں جوں خطِ شکستہ بہرجا شکستہ دل
امواج کی جو یہ شکنیں آشکار ہیں
ہے چشمِ اشکریز سے دریا شکستہ دل
ناسازیِ نصیب و درشتیِ غم سے ہے
امید ناامید و تمنا شکستہ دل
ہے سنگِ ظلمِ چرخ سے میخانے میں اسد
صہبا فتادہ خاطر و مینا شکستہ دل

۱- یہ مصرع یوں بدلا ہے :
نور سے تیرے ہے اس کی روشنی
اس اصلاح کا عالم یہ ہے کہ بجنسہٖ غالب کی تحریر معلوم ہوتی ہے -

ہوں بہ وحشت انتظار آوارۂ دشتِ خیال
اک سفیدی مارتی ہے دور سے چشمِ غزال

ہے نفس پروردہ گلشن ، کس ہوائے بام کا
طوقِ قمری میں ہے سروِ باغ ریحانِ سفال

ہم غلط سمجھے تھے لیکن زخمِ دل پر رحم کر
آخر اس پردے میں تو ہنستی تھی اے صبحِ وصال

بیکسی افسردہ ہوں ، اے ناتوانی کیا کروں ؟
جلوۂ خورشید سے ہے گرم پہلوے ہلال

شکوہ درد و درد داغ ، اے بے وفا معذور رکھ
خوں بہائے یک جہاں امید ہے تیرا خیال

عرضِ دردِ بے وفائی وحشتِ اندیشہ ہے
خون ہوا دل تا جگر ، یا رب زبانِ شکوہ لال

اس جفا مشرب پہ عاشق ہوں کہ سمجھے ہے اسد
مالِ سُنّی کو مباح اور خونِ صوفی کو حلال

●

بہرِ عرضِ حالِ شبنم ، ہے رقم ایجاد گل
ظاہرا ہے اس چمن میں لالِ مادر زاد ، گل

گر کرے انجام کو آغاز ہی میں یاد گل
غنچے سے منقارِ بلبل وار ہو فریاد گل



گر بہ بزمِ باغ کھینچے نقشِ روے یار کو
شمع ساں ہو جائے قطِّ خامۂ بہزاد ، گل

دستِ رنگیں سے جو رُخ پروا کرے زلفِ رسا
شاخِ گل میں ہو نہاں جوں شانہ در شمشاد گل

سعیِ عاشق ہے فروغ افزاے آبِ روے کار
ہے شرارِ تیشہ بہرِ تربتِ فرہاد ، گل

ہے تصور صافیِ قطعِ نظر از غیرِ یار
لختِ دل سے لاوے ہے شمعِ خیال آباد گل

گلشن آبادِ دلِ مجروح میں ہو جائے ہے
غنچۂ پیکانِ شاخِ ناوکِ صیاد گل

برق سامانِ نظر ہے جلوۂ بیباکِ حسن
شمعِ خلوت خانہ کیجے ، ہرچہ بادا باد گل

خاک ہے عرضِ بہارِ صد نگارستاں اسد
[1] آرزوئیں کرتی ہیں از خاطرِ آزاد گل

●

گرچہ ہے یک بیضۂ طاؤس آسا تنگ دل
ہے چمن سرمایۂ بالیدنِ صد رنگ دل

بے دلوں سے ہے تپش جوں خواہشِ آب از سراب
ہے ثمر معلوم [2] اگر رکھتا نہ ہووے سنگ دل

۱۔ اس مصرع کی یوں اصلاح کی ہے (موٹا قلم ، شکستہ، بدخط) :
حسرتیں کرتی ہیں میری خاطرِ آزاد گل

۲۔ حاشیے پر اس لفظ کو ” موہوم “ لکھا ہے (موٹا قلم ، شکستہ بد خط) ۔

رشتۂ فہمیدِ ممسک ہے بہ بندِ کوتہی
عقدہ ساں ہے کیسۂ زر پر خیالِ تنگ دل

ہوں ز پا افتادۂ اندازِ یادِ حسنِ سبز
کس قدر ہے نشہ فرسائے خمارِ بنگ دل

شوق بے پروا کے ہاتھوں مثلِ سازِ نادرست
کھینچتا ہے آج نالے خارجِ آہنگ دل

اے **اسد** خامش ہے طوطیِ شکر گفتار طبع
ظاہرا رکھتا ہے آئینہ اسیرِ زنگ دل

●

## ردیف م

اثر کمندیِ فریادِ نارسا معلوم
غبارِ نالہ کمیں گاہِ مدعا معلوم

بقدرِ حوصلۂ عشق جلوہ ریزی ہے
وگرنہ خانۂ آئینہ کی فضا معلوم

بہ نالہ حاصلِ دل بستگی فراہم کر
متاعِ خانۂ زنجیر جز صدا معلوم

بہار در گروِ غنچہ شہر جولاں ہے
طلسمِ ناز بجز تنگیِ قبا معلوم



طلسمِ خاک کمیں گاہِ یک جہاں سودا
بہ مرگ تکیۂ آسائشِ فنا معلوم

تکلف آئنۂ دوجہاں مدارا ہے
سُراغِ یک نگہِ قہر آشنا معلوم

**اسد** فریفتۂ انتخابِ طرزِ جفا
وگرنہ دلبریِ وعدۂ وفا معلوم

●

ازانجا کہ حسرت کشِ یار ہیں ہم
رقیبِ تمنائے دیدار ہیں ہم

رسیدن گلِ باغِ واماندگی ہے
عبث محفل آرائے رفتار ہیں ہم

نفس ہو نہ معزولِ شعلہ درودن
کہ ضبطِ تپش سے شرر کار ہیں ہم

تغافل کمیں گاہِ وحشت شناسی
نگہبانِ دل ہائے اغیار ہیں ہم

تماشائے گلشن ، تمنائے چیدن
بہار آفرینا ! گنہگار ہیں ہم

نہ ذوقِ گریباں ، نہ پروائے داماں
نگہ آشنائے گل و خار ہیں ہم

**اسد** ! شکوہ کفر و دعا ناسپاسی
ہجومِ تمنا سے لاچار ہیں ہم

بسکہ ہیں بدمست ِ بشکن بشکن ِ میخانہ ہم
موے شیشہ کو سمجھتے ہیں خط ِ پیمانہ ہم

غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفس
برق سے کرتے ہیں روشن شمع ِ ماتم خانہ ہم

بسکہ ہر یک موے زلف افشاں سے ہے تار ِ شعاع
پنجۂ خورشید کو سمجھے ہیں دست ِ شانہ ہم

[1] نقش بند ِ خاک ہے موج از فروغ ماہتاب
سیل سے فرش ِ کتاں کرتے ہیں تا ویرانہ ہم

مشق ِ از خود رفتگی سے ہیں بہ گلزار ِ خیال
آشنا تعبیر ِ خواب ِ سبزۂ بیگانہ ہم

فرط ِ بیخوابی سے ہیں شبہاے ہجر ِ یار میں
جوں زبان ِ شمع داغ ِ گرمی ِ افسانہ ہم

جانتے ہیں جوشش ِ سوداے زلف ِ یار میں
سنبل ِ بالیدہ کو موئے سر ِ دیوانہ ہم

بسکہ وہ چشم و چراغ ِ محفل ِ اغیار ہے
چپکے چپکے جلتے ہیں جوں شمع ِ ماتم خانہ ہم

---

۱۔ اس مصرع پر ''لا لا'' لکھا ہے اور حاشیے پر موٹے قلم سے شکستہ خط میں اس کے بجائے مصرع ذیل تحریر کیا ہے :

ہے فروغ ِ ماہ سے ہر موج یک تصویر ِ خاک



[1] شام ِ غم میں سوز ِ عشق ِ شمع رویاں سے **اسد**
جانتے ہیں سینۂ پر خوں کو زنداں خانہ ہم

جس دم کہ جادہ وار ہو تار ِ نفس تمام
پیمائش ِ زمین ِ رہ ِ عمر بس تمام

کیا دے صدا کہ الفت ِ گمگشتگاں سے آہ
ہے سرمہ گرد ِ رہ بہ گلوے جرس تمام

ڈرتا ہوں کوچہ گردی ِ بازار ِ عشق سے
ہیں خار ِ راہ جوہر ِ تیغ ِ عسس تمام

اے بال ِ اضطراب کہاں تک فسردگی
یک پرزدن تپش میں ہے کار ِ قفس تمام

گذرا جو آشیاں کا تصور بہ وقت ِ بند
مژگان ِ چشم ِ دام ہوئے خار و خس تمام

کرنے نہ پائے ضعف سے شور ِ جنوں **اسد**
اب کی بہار کا یونہی گزرا برس تمام

---

۱۔ اس مصرع کا آخری حصہ بعد میں ''سوز ِ عشق ِ آتش ِ رخسار سے'' بنایا گیا ہے ۔ حاشیے پر موٹے قلم سے شکستہ خط میں یہ مقطع لکھا ہے :

دائم الحبس اس میں ہیں لاکھوں تمنائیں **اسد**
جانتے ہیں سینۂ پرخوں کو زنداں خانہ ہم

رہتے ہیں افسردگی سے سخت بیدردانہ ہم
شعلہ ہا نذرِ سمندر بلکہ آتش خانہ ہم

حسرتِ عرضِ تمنا یاں سے سمجھا چاہیے
دو جہاں‌حشرِ زبانِ خشک ہیں جوں شانہ ہم

کشتیِ عالم بہ طوفانِ تغافل دے کہ ہیں
عالمِ آبِ گدازِ جوہرِ افسانہ ہم

وحشتِ بے ربطی پیچ و خمِ ہستی نہ پوچھ
ننگِ بالیدن ہیں جوں موے سرِ دیوانہ ہم

باوجودِ یک جہاں ہنگامہ پر موہوم ہیں
ہیں چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ ہم

## ردیف ن

[1] خوش وحشتے کہ عرضِ جنونِ فنا کروں
جوں گردِ راہ، جامۂ ہستی قبا کروں

گر بعدِ مرگ وحشتِ دل کا گلہ کروں
موجِ غبار سے پرِ یک دشت وا کروں

---

۱- اس غزل کے حاشیے پر نو اشعار کی یہ غزل درج ہے (موٹا قلم، شکستہ خط):

وہ فراق اور وہ وصال کہاں
وہ شب و روز و ماہ و سال کہاں

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر)



آ اے بہارِ ناز! کہ تیرے خرام سے
دستار گردِ شاخِ گلِ نقشِ پا کروں

خوش اوفتادگی کہ بہ صحرائے انتظار
جوں جادہ گردِ رہ سے نگہ سرمہ سا کروں

صبر اور یہ ادا کہ دل آوے اسیر چاک
درد اور یہ کمیں کہ رہِ نالہ وا کروں

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

فرصتِ کاروبارِ شوق کسے
ذوقِ نظارۂ جمال کہاں

دل تو دل وہ دماغ بھی نہ رہا
شورِ سودائے خط و خال کہاں

تھی وہ خوباں ہی کے تصور سے
اب وہ رعنائیِ خیال کہاں

ہم سے چھوٹا قمارخانۂ عشق
واں جو جائیں گرہ میں مال کہاں

فلکِ سفلہ بے محابا ہے
اس ستمگر کو انفعال کہاں

بوسے میں وہ مضائقہ نہ کرے
پر مجھے طاقتِ سوال کہاں

فکرِ دنیا میں سر کھپاتا ہے
میں کہاں اور یہ وبال کہاں

مضمحل ہو گئے قویٰ غالب
وہ عناصر میں اعتدال کہاں

ایک دل چسپ بات یہ ہے کہ قلمی دیوان کے کاتب نے ساتویں شعر میں لفظ ''مضائقہ'' کو ''مضاعقہ'' لکھا ہے۔